Series SHC/1

Code No. **30/1**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book

- Please check that this question paper contains **6** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **10** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**

URDU (Elective)

اُردو (الیکٹو)

[*Maximum Marks : 100*

Time allowed : 3 hours]

کُل نمبر: ۱۰۰

وقت : 3 گھنٹے

۱۔ ذیل میں سے کسی ایک عبارت کو پڑھیے اور اس سے مُتعلق سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

« اسی زبان (اُردو) کو ریختہ بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ مختلف زبانوں نے اسے ریختہ کیا ہے۔ جیسے دیوار کو اینٹ مٹی، چونا، سفیدی وغیرہ پختہ کرتے ہیں یا یہ کہ ریختہ کے معنی ہیں۔ گری پڑی۔ پریشان چیز جوں کہ اس میں الفاظ پریشان جمع ہیں۔ اسی لئے اسے ریختہ کہتے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ اس میں عربی، فارسی، تُرکی وغیرہ کئی زبانوں کے الفاظ شامل ہیں اور اب انگریزی بھی داخل ہوتی جاتی ہے۔ اور ایک وقت ہوگا کہ عربی، فارسی کی طرح انگریزی زبان قابض ہوجائے گی۔ چنانچہ میں ایک خاندانی نواب زادے کی گفتگو لکھتا ہوں جس کی پرورش اور تعلیم گھریلو ہے یعنی نہ عربی، فارسی کی لفاظی نے اس پر رنگ چڑھایا ہے نہ انگریزی نے روغن پھیرا ہے فقط دوستانہ بے تکلفانہ

باتیں ہیں۔"

" بڑے آکا کی پنشن لینے کل کچہری گیا تھا۔ ڈپٹی صاحب کے کمرے کے آگے کچھ قرقی کا مال نیلام ہو رہا تھا، کمریاں، کوٹ اور واسکیٹ نئی تھیں۔ کنٹر اور گلاس بھی ولایتی تھے۔ کرسیاں، میزیں، چقیں باریک خوش رنگ تھیں۔ میں نے کہا چلو کوئی ڈھب کی چیز ہو تو لیں منجھلے آکا بولے جانے بھی دو۔ جس مال نے مالک سے وفا نہ کی ہم سے کیا وفا کرے گا۔"

(i) اِس عبارت کے سبق اور مُصنّف کا نام لکھیے۔

(ii) اُردو زبان کو ریختہ کیوں کہتے ہیں؟

(iii) ریختہ کے کیا معنی ہیں؟

(iv) ایک نواب زادے کی گفتگو لکھ کر مُصنّف کیا بتانا چاہتا ہے؟

(v) اِس عبارت کی روشنی میں مُصنّف کے اُسلوب پر چند جملے لکھیے۔

یا

" میرا انداز غلط تھا۔ جو شخص کسی کی اصلاح کرنا چاہتا ہے وہ اس کے ساتھ شیر و شکر ہو کر نہیں رہ سکتا۔ سچی دوستی روحانی اتحاد کا نام ہے جو اس دنیا میں بہت کم ہوتا ہے۔ صرف اُن ہی لوگوں میں جن کی طبیعت ایک سی ہو، دوستی پوری طرح مکمل اور پائدار ہو سکتی ہے۔ دوستوں میں ہر ایک کا اثر دوسروں پر پڑتا ہے۔ اسی لئے دوستی میں اصلاح کی گنجائش بہت کم ہے۔ میری رائے میں کسی ایک شخص سے ایک جان دو قالب ہو جانے سے پرہیز کرنا چاہیئے، کیونکہ انسان پر بہ نسبت نیکی کے بدی کا اثر جلد پڑتا ہے۔

اور جو شخص خدا کا دوست ہونا چاہتا ہے۔ اُسے لازم ہے کہ یا تو اکیلا رہے یا ساری دنیا سے دوستی کرے۔"

(i) اس عبارت کے سبق اور اس کے مُصنّف کا نام لکھیے۔

(ii) سچّی دوستی کیا ہوتی ہے؟

(iii) دوستی میں اِصلاح کی گُنجائش بہت کم کیوں ہوتی ہے؟

(iv) "اِنسان پر بہ نسبت نیکی کے بدی کا اثر جلد پڑتا ہے"
اس جُملے کی وضاحت کیجیے۔

(v) اس عبارت کی روشنی میں مُصنّف کے اسلوب پر چند جُملے لکھیے۔

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 7

(i) چوری اور اس کا کفارہ۔

(ii) ہماری مُتّحدہ قومیت۔

3۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے مختصر جواب لکھیے۔ 8

(i) علی عباس حسینی کی اَفسانہ نگاری۔
(ii) مشتاق احمد یوسفی کی طنز و مزاح نگاری۔
(iii) سیّد انشاء اللہ خاں انشا کی داستان گوئی۔
(iv) ابوالفیض سحر کی مضمون نگاری۔

4 — درج ذیل میں سے کسی ایک حصّے کی تشریح کیجئے۔ شاعر کا نام اور شعری خوبیوں کی نشاندہی بھی کیجئے۔ 10

(i) شہرِ دل آہ عجب جائے تھی پر اس کے گئے
ایسا اُجڑا کہ کسی طرح بسایا نہ گیا

(ii) بات کی طرز کو دیکھو تو کوئی جادو تھا
پر ملی خاک میں سب سحر بیانی اس کی

(iii) یگانہ ہے تو آہ بے گانگی میں
کوئی دوسرا اور ایسا نہ دیکھا

(iv) کسی کو دے کے دل، کوئی نواسنجِ فغاں کیوں ہو ؟
نہ ہو جب دل ہی سینے میں، تو پھر منہ میں زباں کیوں ہو ؟

(v) جانا پڑا رقیب کے در پر ہزار بار
اے کاش! جانتا نہ ترے رہ گزر کو میں

یا

جائے عبرت سرائے فانی ہے
موردِ مرگ نوجوانی ہے

اُونچے اُونچے مکاں تھے جن کے بڑے
آج وہ تنگ گور میں ہیں پڑے

کل جہاں ہر شگوفہ گُل تھے
آج دیکھا، تو خار بالکل تھے

جس چمن میں تھا بلبلوں کا ہجوم
آج اس جا ہے آشیانۂ بُوم

بات کل کی ہے، نوجواں تھے جو
صاحب نوبت و نشاں تھے جو

آج خود ہیں، نہ ہے مکاں باقی
نام کو بھی نہیں نشاں باقی

5۔ ذیل میں سے کسی ایک پر سو (100) لفظوں میں اظہارِ خیال کیجیے۔ 7

(i) مسدّس حالی ۔ (ii) البیلی صبح ۔

6۔ ذیل میں سے صرف دو (2) کے جواب لکھیے۔ 8

(i) غزل کی تعریف ۔

(ii) مرثیہ کی تعریف اور اس کے اجزائے ترکیبی ۔

(iii) نظیر اکبرآبادی اور نظم گوئی ۔

(iv) سودا کی قصیدہ گوئی ۔

7۔ ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 4

(i) رشید احمد صدیقی ۔

(ii) مشتاق احمد یوسفی ۔

8۔ ذیل میں سے صرف دو (2) کے مختصر جواب لکھیے۔ 6

(i) نور خاں کی امانت داری اور فرض شناسی کا اظہار کس واقع سے ہوتا ہے؟

(ii) شاہد احمد دہلوی نے بیخود دہلوی کی شخصیت کے جن پہلوؤں کو اُجاگر کیا ہے۔ ان میں سے کسی ایک دلچسپ پہلو کا ذکر کیجیے۔

(iii) خاکہ نگار محمد طفیل نے 'جگر صاحب' کے خاکے میں گڑھی کے متعلق کیا بات کہی ہے؟ مختصراً لکھیے۔

(۱۷) ماں کی بات سُن کر مِس چڑیا نے کیا جواب دیا ؟

9۔ ذیل میں سے صرف دو پر مُفصل اِظہارِ خیال کیجیے۔ 20

(i) اُردو زبان کا آغاز و ارتقاء۔

(ii) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات۔

(iii) دبستانِ دہلی اور میرؔ۔

(iv) دبستانِ لکھنؤ اور آتشؔ۔

10۔ ذیل میں سے صرف چار پر مُختصر تعارفی نوٹ لکھیے۔ 20

(i) مُحمّد قُلی قُطب شاہ۔

(ii) عظیم بیگ چغتائی کی اَفسانہ نگاری۔

(iii) اُردو میں ناول نِگاری کی روایت اور مرزا مُحمّد ہادی رُسوا۔

(iv) اُردو غزل اور میر تقی میرؔ۔

(v) اُردو طنز و مزاح اور مشتاق احمد یوسفی۔

(vi) اُردو میں تذکرہ نویسی اور محمد حسین آزاد۔
